© rasailojaraid.com

دورے ' کابینہ کے فیصلے ' قومی اسمبلی اور سینٹ کی کارروائیاں ' ملک کی بڑی سیاسی پارٹیوں (پیپلز پارٹی ' مسلم لیگ ن ' جماعت اسلامی اور مہاجر قومی موومنٹ) کی پالیسیاں ' پروگرام اور ان کے نمایاں رہنماؤں کے بیانات ' اس کے علاوہ بعض اہم وقوعات (جیسے وزیراعظم کے بہت سے دوسرے عجیب و غریب فیصلوں کی طرح ایک ریٹائرڈ سی ایس پی ' ایس کے محمود کا بطور آڈیٹر جنرل تقرر --- پاک بھارت تجارت --- سندھ کی ایک پرائیویٹ جیل سے قیدیوں کی برآمدگی - ورلڈ بنک اور ہماری معیشت --- ملک کی تشویش ناک صورت حال پر دو سابق وزرائے خارجہ آغا شاہی اور عبدالستار ' دو سابق سربراہان فضائیہ ذوالفقار علی خان اور جمال اے خان اور ایک سابق سفیر ڈاکٹر ایم اے بھٹی کا مکتوب مفتوح بنام وزیراعظم وغیرہ) - مجلے کی بعض رپورٹیں ایسے امور و مسائل سے متعلق ہوتی ہیں ' جو اخبارات میں واضح اور نمایاں ہو کر سامنے نہیں آتے اور یہ رپورٹیں محض صورت حال کی خبر دینے تک محدود نہیں ' ان کا انداز بیان معلوماتی ہونے کے ساتھ ساتھ تجزیاتی ہے - اس سے مختلف پارٹیوں اور گروہوں کے رویوں اور رجحانات اور وطن عزیز کی سیاسی ' معاشی اور امن و امان کی صورت حال کا اندازہ ہوتا ہے -

ہمارے ملک میں اس وقت اس نوع کا کوئی اور مجلہ موجود نہیں ' اس اعتبار سے یہ ' خصوصاً انگریزی خواں طبقے کے لیے نہایت مفید خدمت انجام دے رہا ہے - اساتذہ اور طلبہ ' مقابلے کے امتحانوں اور جامعات کے اعلیٰ تعلیمی درجوں کے امیدواروں اور ایسے قارئین کے لیے ' جو کسی وجہ سے اخبارات و رسائل کا وسیع مطالعہ نہیں کر سکتے ' نیز پاکستانیات سے دلچسپی رکھنے والے بیرون ملک مقیم اصحاب اور سفارت خانوں کے لیے زیر نظر مجلہ ایک بیش بہا دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے - یہ جن لوگوں کے لیے شائع کیا جاتا ہے ' وہ اسے ایک بار دیکھ اور پڑھ کر ' یقیناً اس کی افادیت کے قائل ہو جائیں گے - (ر - ہ) -

محمدؐ بحیثیت عسکری قائد ' از افضل الرحمن - مترجم: محمد ایوب منیر - ناشر: اسلامک پبلی کیشنز ' ۱۳- ای شاہ عالم مارکیٹ ' لاہور - صفحات: ۲۹۲ - قیمت: ۹۰ روپے -

جناب مصنف ' سیرت پاکؐ پر ۲۴ جلدوں میں ایک دائرہ معارف (encyclopaedia) مرتب کر رہے ہیں ' جس کی دس جلدیں تیار ہو چکی ہیں - زیر نظر کتاب اسی سلسلے کا ایک حصہ ہے ' جس میں آنحضورؐ کی ہمہ گیر اور جامع و ہمہ جہت شخصیت کے ایک پہلو --- میدان جہاد میں آپ کے حکیمانہ کارناموں ' بہ الفاظ دیگر آپؐ بطور عسکری قائد --- پر بحث کی گئی ہے -

زبان و بیان کے لحاظ سے ہی نہیں ' اپنے موضوعات ' لوازمے اور ترتیب ' ہر لحاظ سے یہ ایک عمدہ کتاب ہے جس کے لیے مصنف کی تعریف کی جانی چاہیے - انھوں نے غزوات کے احوال بیان

© rasailojaraid.com